# 8. سلام

## ۸. سلام

مسئلہ۲۹۵۔ سلام نماز کا آخری جزء ہے جس کو کہنے کے بعد نماز ختم ہوجاتی ہے۔ نماز کا واجب سلام یہ ہے کہ کہے: اَلسَّلامُ عَلَيْكم اور بہتر ہے کہ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَکاتُهُ کو بھی اضافہ کرے یا کہے: السَّلامُ عَلَيْنا وَ عَلى عِبادِ اللهِ الصّالِحینَ.

مسئلہ۲۹۶۔ مستحب ہے کہ گذشتہ مسئلے میں مذکور دونوں سلام سے پہلے کہے: اَلسَّلامُ عَلَيْکَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَکاتُهُ.

مسئلہ۲۹۷۔ سلام غیر رکنی واجبات میں سے ہے بنابرایں اگر بھولے سے اضافہ یا ترک ہوجائے تو نماز باطل نہیں ہے۔

مسئلہ۲۹۸۔ اگر نماز کا سلام کہنا بھول جائے اور اس وقت یاد آئے کہ ابھی نماز کی شکل ختم نہ ہوئی ہو اور ایسا کام بھی نہ کیا ہو جس کو عمداً یا بھول کر انجام دینے سے نماز باطل ہوجاتی ہے مثلاً قبلے سے رخ موڑنا، تو سلام کہے اور نماز صحیح ہے۔